ابوذر بخاری نمبر..............

محترم سید محمد کفیل بخاری

نقیب ختم نبوت کا خاص نمبر قائد احرار مولانا سید ابو معاویہ ابوذر بخاری رحمہ اللہ پڑھا آپ نے ماشاء اللہ بہت ہی محنت کر کے یہ نمبر شائع کیا ہے۔ ویسے تو حضرت شاہ صاحب کے بارے میں جتنا بھی لکھا جائے کم ہے۔ پھر بھی آپ نے بہت کچھ قارئین تک پہنچا دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی اس محنت کو قبول فرمائے (آمین) حضرت مولانا محمد عبدالحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا مضمون جب بندہ نے پڑھا تو آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ اے کاش! آج مولانا زندہ ہوتے اور اپنا مضمون خود پڑھتے مولانا مرحوم کی یہ عادت تھی کہ جب بھی کوئی مضمون نقیب کو روانہ کرتے تو جب تک وہ مضمون شائع نہ ہوتا مولانا کو چین نہ آتا۔ وہ بار بار مجھ سے پوچھتے کہ رسالہ تو نہیں آیا؟ جب رسالہ آئے تو فوراً مجھے پہنچا دینا۔ وہ جب تک اپنا مضمون پڑھ نہ لیتے اس وقت تک کسی سے بات نہ کرتے۔ اس وقت چونکہ مولانا مرحوم کو نقیب ختم نبوت میرے ذریعہ ہی ملتا تھا اسلئے مجھے بار بار تاکید کرتے تھے۔ آپ نے حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو خراج تحسین پیش کرنے کا حق ادا کردیا ہے۔ اللہ آپ کو سلامت رکھے۔ (آمین)

والسلام

محتاج دعاء حافظ ابو مغیرہ عبدالرحیم نیاز

امام مسجد واپڈا کالونی۔ گوجرانوالہ ۱۸ جنوری ۱۹۹۸ء

مجھے ہے حکم اذاں!

ماں کی گود سے آغوش قبر تک زندگی کا ہر لمحہ.........

انقلاب و تغیرات کی زد میں ہے۔

کاش کہ

انسان، معاشرتی ماحولیات سے ہٹ کر، صرف ایک لمحہ کے لئے.........

غور و فکر کی پنہائیوں میں اتر جائے.........

ڈوبتے سورج کو بوقت شام دیکھ

حسن والے حسن کا انجام دیکھ

خاموش مبلغ ملتان